**14.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

1- حکمراں قومی جمہوری اتحاد NDA، بہار اسمبلی انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کرنے کی جانب گامزن ہے۔ مہاگٹھ بندھن کو اپنی موجودہ سیٹوں کو برقرار رکھنے کیلئے بھی کافی مشقت کرنی پڑ رہی ہے۔

2- ممتاز امیدوار ریاست میں سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ اِن میں دونوں نائب وزرائے اعلیٰ وجے کمار سنہا اور سمراٹ چودھری، بی جے پی کی میتھلی ٹھاکر اور ڈاکٹر پریم کمار شامل ہیں۔

3- مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار RJD کے تیجسوی پرساد یادو پیچھے چل رہے ہیں۔

4- اسمبلی ضمنی چناؤ میں بی جے پی نے ایک سیٹ پر جیت حاصل کرلی ہے اور وہ دوسری سیٹ پر سبقت حاصل کیے ہوئے ہیں، میزو نیشنل فرنٹ نے ایک سیٹ جیتی ہے، کانگریس دو سیٹوں پر آگے ہے، جبکہ PDP، JMM اور عام آدمی پارٹی ایک ایک سیٹ پر آگے چل رہی ہے۔

5- نئی دلّی میں آج شام بھارت منڈپم میں ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے موضوع کے ساتھ بھارت کا بین الاقوامی تجارتی میلا شروع ہوگا۔

6- اور کرکٹ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے ہی دن بھارت نے جنوبی افریقہ کے خلاف اپنا غلبہ حاصل کرلیا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Bihar Counting**

بہار کے تمام 243 اسمبلی حلقوں کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ سکیورٹی کا پختہ بندوبست کیا گیا ہے۔ اب تک کے رجحانات کے مطابق، قومی جمہوری اتحاد- این ڈی اے 180 سیٹوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ حکمراں اتحاد 243 رکنی بہار اسمبلی میں 122 سیٹوں کی درکار اکثریت اور واضح جیت حاصل کرنے کی جانب آسانی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

مہاگٹھ بندھن کو اپنی موجودہ سیٹوں کو برقرار رکھنے کیلئے بھی مشقت کرنی پڑ رہی ہے۔ اب تک کے رجحانات کے مطابق پرشانت کشور کی جن سوراج پارٹی بھی اپنی چھاپ چھوڑنے میں ناکام رہی ہے۔ 243 اسمبلی حلقوں کے دستیاب رجحانات کے مطابق بی جے پی 85، جنتا دَل یونائیٹڈ 76، لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) 22 سیٹوں پر آگے ہے، جبکہ راشٹریہ جنتا دَل 36، کانگریس 5 اور دیگر پارٹیاں 19 سیٹوں پر آگے ہیں۔

سبقت حاصل کرنے والے اہم امیدواروں میں دونوں نائب وزراء اعلیٰ اور BJP کے امیدوار وِجے کمار سنہا اور سَمراٹ چودھری، علی نگر سیٹ سے BJP کی میتھلی ٹھاکر، گیا ٹاؤن سے BJP کے سینئر رہنما ڈاکٹر پریم کمار شامل ہیں۔ RJD کے رہنما تیجسوی پرساد یادو راگھو پور حلقے میں BJP کے ستیش کمار سے پیچھے چل رہے ہیں۔ اسی طرح BJP کے سینئر رہنما منگل پانڈے سیوان حلقے سے پیچھے چل رہے ہیں۔

اپوزیشن مہاگٹھ بندھن سے NDA کے آگے نکلنے کے بعد JDU کے کارکنان اور حامیوں نے پٹنہ میں واقع پارٹی دفتر میں جشن منانا شروع کردیا ہے۔

243 ریٹرننگ آفیسرز کی نگرانی میں ووٹوں کی گنتی کا کام 243 کاؤنٹنگ مشاہدین اور امیدوار یا اُن کے ایجنٹوں کی موجودگی میں کیا جا رہا ہے۔ اِس کے علاوہ امیدواروں کے مقرر کردہ 18 ہزار سے زیادہ Counting Agents بھی ووٹوں کی گنتی کے عمل کے دوران موجود ہیں۔

ریاست میں اسمبلی چناؤ دو مرحلوں میں کرایا گیا تھا۔ پہلے مرحلے کا چناؤ اِس مہینے کی 6 تاریخ کو ، جبکہ دوسرے مرحلے کا چناؤ 11 تاریخ کرایا گیا تھا اور 67 اعشاریہ ایک تین فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی تھی، جو 1951 کے بعد سے سب سے زیادہ ہے۔

خوش اسلوبی کے ساتھ گنتی کو یقینی بنانے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کیلئے مرکزی مسلح فورسز CRPF اور بہار پولیس کے اہلکاروں کو مناسب تعداد میں تعینات کیا گیا ہے۔

ریاست کے باہر سے سکیورٹی اہلکاروں کی 106 کمپنیاں بھی تعینات کی گئی ہیں۔ گنتی کے مراکز پر دو سطحی سکیورٹی بندوبست کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گنتی مراکز کے اندر CRPF کے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے، جبکہ باہر ریاستی پولیس کے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ، 24 گھنٹے ساتوں دن CCTV کی نگرانی کی جارہی ہے۔ دیگر سکیورٹی انتظامات بھی کئے گئے ہیں۔

انتخابی کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ

http://results.eci.gov.in

پر چناؤ کے تازہ ترین رجحانات اور نتائج دستیاب ہیں۔

کمیشن نے عوام اور میڈیا کو مشورہ دیا ہے کہ وہ درست اور تصدیق شدہ جانکاری کیلئے صرف چناؤ کمیشن کے آفیشیل پورٹل پر ہی اعتماد کریں اور غیر سرکاری ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات سے گریز کریں۔

TV چینلوں اور ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارم سے بھی درست اور تصدیق شدہ جانکاری فراہم کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

تازہ ترین معلومات کیلئے اب ہم پٹنہ میں موجود اپنے نامہ نگار دھرمیندر کمار رائے کے پاس چلتے ہیں۔

سوال: جی دھرمیندر، آپ کے پاس ہمارے سامعین کیلئے کیا تازہ ترین جانکاری ہے ؟

جواب : دھرمیندر کمار.......... Live .............

شکریہ دھرمیندر، اِس تازہ ترین جانکاری کیلئے۔

**Counting Bypoll**

7 ریاستوں کے 8 اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی کا کام بھی جاری ہے۔ یہ ضمنی چناؤ جموں و کشمیر کے بڈگام اور نگروٹا، راجستھان کے Anta، جھارکھنڈ کے Ghatsila، تلنگانہ کے جوبلی ہلز، پنجاب کے ترن تارن، میزورم کے Dampa اور اڈیشہ کے Nuapada اسمبلی حلقے میں کرائے گئے تھے۔

جموں و کشمیر میں BJP کی امیدوار Divyani Rana نے نگروٹا اسمبلی حلقے میں جیت حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے جموں و کشمیر نیشنل پینتھرس پارٹی کے امیدوار Harsh Dev Singh کو 24 ہزار 647 ووٹوں کے فرق سے ہرایا۔ PDP کے امیدوار آغا سید منتظر مہدی، بڈگام حلقے میں آگے چل رہے ہیں۔

میزورم میں، میزو نیشنل فرنٹ کے امیدوار ڈاکٹر R.Lalthangliana نے Dampa سیٹ جیت لی ہے۔ انہوں نے اپنے قریبی حریف اور زورم پیپلز موومنٹ پارٹی سے امیدوار Vanlalsailova کو 662 ووٹوں سے ہرایا۔

اڈیشہ کے Nuapada حلقے میں BJP کے امیدوار جے ڈھولکیا آگے چل رہے ہیں۔ جھارکھنڈ میں، جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے امیدوار Somesh چندرا سورین ، Ghatsila حلقے سے آگے چل رہے ہیں۔

تلنگانہ میں کانگریس کے امیدوار Naveen Yadav V جوبلی ہلز سے سبقت بنائے ہوئے ہیں۔

کانگریس امیدوار پرمود جین بھیّا راجستھان کے Anta حلقے سے آگے چل رہے ہیں۔

پنجاب میں عام آدمی پارٹی کے امیدوار ہرمیت سنگھ سَندھو ترن تارن حلقے سے آگے چل رہے ہیں۔ x

**IITF 2025**

بھارت کا 44 واں بین الاقوامی تجارتی میلا آج سے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوگا۔ کامرس اور صنعت کے وزیرِ مملکت جتن پرساد شام کو ساڑھے پانچ بجے تجارتی میلے کا افتتاح کریں گے۔ اِس سال کے تجارتی میلے کا خاص موضوع ہے : ''ایک بھارت شریشٹھ بھارت''۔

اترپردیش، راجستھان، مہاراشٹر اور بہار اِس بین الاقوامی تجارتی میلے کیلئے شراکت دار ریاستیں ہیں جبکہ جھارکھنڈ، خصوصی توجہ والی ریاست ہوگی۔

اِس 14 روزہ تجارتی میلے میں 12 ملک شرکت کر رہے ہیں۔ اِن میں متحدہ عرب امارات، چین، ایران، جنوبی کوریا اور مصر شامل ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے تجارتی فروغ سے متعلق بھارتی تنظیم ITPO کے ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر Premjit Lal نے بتایا کہ اِس تجارتی میلے میں تقریباً 30 ریاستیں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے نیز 60 سے زیادہ وزارتیں شرکت کر رہی ہیں۔ تجارتی میلے کے پہلے 5 دن کاروباری زمرے کیلئے محفوظ رکھے گئے ہیں اور یہ میلا اِس ماہ کی 19 تاریخ کو عام لوگوں کیلئے کھولا جائے گا۔ سینئر سٹیزن اور معزور افراد کیلئے داخلہ مفت ہوگا۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس میں ساڑھے تین ہزار نمائش کاروں کے حصہ لینے کی امید ہے۔ تجارتی میلے میں آنے والے لوگوں کی سہولت کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔
تجارتی میلے کے ٹکٹ ITPO کی ویب سائٹ، دلی میٹرو کے 55 اسٹیشنوں اور دلی میٹرو کی 'Saarthi' ایپ سے خریدے جا سکتے ہیں۔ تجارتی میلے کے اوقات صبح 7 بجے سے شام ساڑھے سات بجے تک رہیں گے البتہ میلے میں جانے کے خواہشمند لوگ شام 5 بجے تک تجارتی میلے میں داخل ہوسکتے ہیں۔×

## EAM - G7 FMS Meeting

بھارت کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کناڈا میں G7 کے وزارئے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی اور دنیا بھر کے کئی وزارئے خارجہ کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا۔ جناب ایس جے شنکر نے کناڈا کی اپنی ہم منصب انیتا آنند سے ملاقات کی اور بتایا کہ انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کیلئے نئے روڈ میپ 2025 کے نفاذ میں جاری پیش رفت کی تعریف کی۔
Niagara میں دو روزہ میٹنگ کے موقع پر وزیر خارجہ نے اِس میٹنگ میں شرکت کرنے والے وزراء کے ساتھ سفارتکاری کا اہتمام کیا تھا۔ انہوں نے امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ میٹنگ کی اور تجارت اور سپلائی چین پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے باہم تعلقات پر تبادلۂ خیال۔
اِس کے علاوہ انہوں نے مشرق وسطی کی صورتحال اور بھارت بحرالکاہل سے متعلق معاملات پر اپنے اپنے خیالات کا بھی تبادلہ کیا۔
وزیر خارجہ نے یوکرین کے اپنے ہم منصب Andrii Sybiha کے ساتھ بھی میٹنگ کی اور امن کے راستے پر Kyiv کے خیالات ساجھا کیے۔ اِس کے علاوہ جنگی میدان کی صورتحال اور یوکرین کے نیوکلیائی بجلی گھروں کو بجلی فراہم کرنے والے اہم سب اسٹیشنوں پر روس کے خطرناک حملوں کے معاملے کے بارے میں بھی جائزہ لیا۔×

## Asian Archery Championship

ڈھاکہ میں آج ایشین تیر اندازی چیمپئن شپ میں اَتانو داس، راہل Pawariya اور یشدیپ بھوگ پر مشتمل بھارت کی مردوں کی Recurve ٹیم نے جنوبی کوریا کو پانچ-چار سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 2007 کے بعد سے چیمپئن شپ میں مردوں کی Recurve ٹیم مقابلے میں بھارت کا یہ پہلا سونے کا تمغہ ہے۔ 2013 کے بعد سے کوریا اِس مقابلے میں جیتتا آیا ہے۔×

## PM Nehru

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے ملک کے پہلے وزیر اعظم کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ پنڈت نہرو کی پیدائش 14 نومبر 1889 میں الہ آباد میں ہوئی تھی۔×

**Calcuttta HC Border Fencing**

کلکتہ ہائی کورٹ نے بھارت - بنگلہ دیش سرحد پر باڑھ لگانے کے معاملے پر مغربی بنگال سرکار سے حلف نامہ طلب کیا ہے۔ عدالت میں مفادِ عامہ کی ایک عذر داری داخل کی گئی تھی، جس میں بنگلہ دیش سرحد سے متصل کھلے سرحدی علاقوں میں خاردار تار لگائے جانے کی مانگ کی گئی ہے۔

مغربی بنگال میں بھارت کی تقریباً دو ہزار 216 کلومیٹر کی سرحد بنگلہ دیش سے متصل ہے۔ کئی علاقوں میں کوئی باڑھ نہیں ہے، جہاں سے دراندازی اور اسمگلنگ ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

بھارت کی مغربی بنگال میں بنگہ دیش کے ساتھ تقریباً 2ہزار 216 کلو میٹر کی سرحد لگتی ہے۔

مرکزی حکومت کے ایڈیشنل Solicitor جنرل اشوک چکرورتی نے عدالت کو بتایا کہ مغربی بنگال حکومت، اِس معاملے پر مرکز کے ساتھ تعاون نہیں کررہی ہے اور خاردار تار لگانے کے کام کیلئے زمین حاصل کرنے کے بارے میں سنجیدہ نہیں ہے۔×

**Cricket Test**

مردوں کے کرکٹ میں آج سے کولکاتہ کے مشہور ایڈن گارڈن میں میزبان بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ جاری ہے۔ بھارت نے آج کھیل کے پہلے ہی دن میچ پر اپنا غلبہ حاصل کرلیا، جب اُس کے گیندبازوں نے جنوبی افریقہ کے 7 کھلاڑیوں کو 152 رن پر آؤٹ کردیا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے 9 بجے سے شروع ہوا تھا۔

دو ٹیسٹ میچوں کی سریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 22 نومبر سے گوہاٹی میں برساپاڑہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆